تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

مشمولات قرآن عظیم۔ مؤلف : جنرل محمد نواز ملک (ریٹائرڈ) ضخامت : ۹۵۲ صفحات

قیمت : /۲۵۰ روپے۔ ملنے کا پتہ : ادارہ فکر فروغ قرآن۔ ۱۱۷۔ ویسٹرج نمبر ا پشاور روڈ راولپنڈی

کتاب زندہ یعنی قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہ کلام اللہ ہونے کے ساتھ ساتھ حضور ﷺ کی حقانیت پر برہان قاطع اور آپ کا ایک دائمی معجزہ ہے اور اس فرقان حمید کی مختلف زاویہ نگاہ سے جتنی خدمت کی گئی ہے۔ آج تک تاریخ عالم اس کی مثال سے عاجز و قاصر ہے۔ زیر نظر کتاب مشمولات قرآن عظیم بھی اسی قرآنی خدمت کی ایک کڑی ہے جس میں مرتب نے ایک خاص انداز سے قرآن پاک کا اشاریہ تیار کیا ہے جو کہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک منفرد کوشش اور بہترین کاوش ہے اس کتاب میں جس بات کا التزام کیا گیا ہے وہ بقول مرتب "قرآن میں مذکور کسی موضوع کے ہر پہلو کو سمجھنے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر موضوع پر تمام آیات کو یکجا کر لیا جائے اور پھر ان پر سیاق و سباق کی روشنی میں غور کیا جائے چنانچہ اس کتاب میں مستقبل کے ہر غوطہ زن کیلئے یہ آسانی پیدا کی گئی ہے کہ قرآن میں ۱۳۳۲ موضوعات کو ترتیب وار یکجا کر کے ہر موضوع کی متعلقہ آیات کو لکھ دیا گیا ہے اس کے بعد اہم موضوعات کی انہی آیات سے اخذ کردہ اہم پہلو بھی بیان کر دیے گئے ہیں"۔ آپ کی یہ گرانقدر تالیف مختلف عنوانات کے تحت تیار کی گئی ہے فہرست مشمولات کے تین حصے ہیں پہلا حصہ عنوانات بہ ترتیب حروف تہجی۔ اس کا آغاز لفظ اللہ سے کیا گیا ہے اور اس کے تحت پھر ذیلی عنوانات ہیں۔ دوسری فہرست میں کتاب میں مذکورہ شخصیات کے واقعات کا اشاریہ ہے۔ تیسری فہرست میں عنوانات کو ان کے الفاظ کے مادہ کے مطابق دیا گیا ہے۔ میجر صاحب کی یہ کاوش آپ کیلئے نہ صرف توشہ آخرت ہے بلکہ انشاء اللہ علمی دنیا سے بھی داد ضرور پائے گی اور یقیناً علوم قرآنیہ کے متعلق یہ ایک بیش قیمت اضافہ ہے۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

احسن البیان فی تفسیر القرآن (حصہ چہارم) مرتب : مولانا سید فضل رحمان صاحب مدظلہ

صفحات : ۴۶۲۔ قیمت : /۱۵۰ روپے۔ ناشر : زوار اکیڈمی پبلی کیشنز اے ۴/۷ ناظم آباد ۴، کراچی نمبر ۱۸

زیر تبصرہ کتاب احسن البیان فی تفسیر القرآن کا چوتھا حصہ ہے۔ چونکہ اس کے ابتدائی حصے